مستثنیٰ تھے۔ انشا پردازی کی حیثیت تو ان کی ابتدائی علمی زندگی ہی میں نمایاں تھی۔ لیکن جب وہ علی گڑھ یونیورسٹی کی تحریک سے وابستہ ہوئے اور خصوصاً اس کے بعد جب انھوں نے ندوۃ العلماء کے قیام کے لیے جدوجہد شروع کی تو اس وقت ان کے تقریر کے فطری ملکہ کو بھی نشوونما پانے کا پورا موقع ملا۔ فن خطابت کے لحاظ سے جو ایک اچھی تقریر کے لوازمات ہیں وہ سب ان کی تقاریر میں موجود ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ علمی شواہد اور تاریخی معلومات سے بھی خالی نہیں۔ زیر نظر مجموعہ خطبات میں زیادہ تر تقریریں ندوۃ العلماء کی تحریک سے متعلق ہیں۔

نقوشِ سلیمانی | از مولانا سید سلیمان ندوی۔ مکتبہ جامعہ دہلی۔ قیمت مجلد ۳؎

یہ مصنف کے ان متفرق مقالات اور خطبات کا مجموعہ ہے جو اردو زبان اور اردو ادب سے متعلق ہیں۔ آخر میں چند مقدمات ہیں جو مصنف نے مختلف کتابوں کے لیے لکھے۔

صراط الحمید حصہ اول و دوم | از پروفیسر صلاح الدین محمد الیاس برنی۔ یہ دو مختلف حجوں کے حالاتِ سفر ہیں جو مصنف نے اپنے مخصوص انداز میں لکھے ہیں۔ پہلی دفعہ جبکہ وہ عراق، شام، فلسطین سے ہوتے ہوئے حجاز گئے تھے اور دوسری دفعہ جبکہ انھوں نے اپنے والد مرحوم کے لیے حج بدل کیا۔ سیدھے حجاز گئے اور حج کر کے واپس آ گئے۔ دونوں جلدوں میں سفرِ حج اور عام سیر و سیاحت کے لیے مفید معلومات اور ہدایات دی گئی ہیں۔ قیمت ہر دو حصہ عہ۔ ملنے کا پتہ: کمال احمد صاحب فاروقی۔ بیت السلام۔ حیدرآباد دکن۔

خدا کی باتیں | مترجمہ و مرتبہ مولانا احمد سعید صاحب۔ قیمت دو روپے۔ ضخامت ۲۹۸ صفحات

ملنے کا پتہ:- دینی بکڈپو۔ اردو بازار۔ دہلی۔

یہ مجموعہ احادیثِ قدسیہ کا ترجمہ ہے۔ ترجمہ میں وہ احادیث بھی شامل ہیں جنھیں رسول اللہؐ نے عام احادیثِ قدسی کی طرح اللہ تعالیٰ سے براہِ راست روایت تو نہیں کیا۔ لیکن اُن میں اللہ کے اقوال مذکور ہوئے ہیں۔